شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال

**محمد الیاس عطّار قادری رضوی**

کی تالیف ”نماز کے احکام“ سے ماخوذ و اضافہ


# نَماز کا مختصر طریقہ

## مع 40 مسنون دعائیں

کل صفحات 58

سابقہ نام

**فیضانِ نماز**



پیشکش:

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# نماز کا مختصر طریقہ[1]

## دُرود شریف کی فضیلت

حضورِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے نَماز کے بعد حَمد وثنا ودُرُود شریف پڑھنے والے سے فرمایا: ”دعا مانگ! قبول کی جائے گی، سوال کر! دیا جائے گا۔“[2]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## ایمانِ مُفَصَّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ

---

1... یہ رسالہ بنام ”فیضانِ نماز“ امیر اہل سنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی تالیف ”نماز کے احکام“ سے ماخوذ ہے، 2012ء/١٤٣٣ھ سے 2020ء/١٤٤١ھ تک اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مختلف ایڈیشن میں 33 لاکھ 10 ہزار کی تعداد میں شائع ہو چکا تھا، اب اس میں کچھ نئے مواد کا اضافہ ونام کی تبدیلی کے بعد شائع کیا جارہا ہے۔ جمادی الاخری ١٤٤١ھ، فروری 2020ء۔ المدینۃ العلمیہ

2... نسائی، ١/٢٢٠، حدیث: ١٢٨١.



www.dawateislami.net

اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ(1)

## ایمانِ مُجْمَل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَبِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَ

قَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌبِاللِّسَانِ

وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ(2)

## شَش (6) کَلِمے

## پہلا کَلِمہ طَیِّب (طیب معنی پاک)

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) (3)

---

1... ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اسکی کتابوں پر اور اسکے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اُٹھائے جانے پر۔

2... ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام اَحکام قبول کئے زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے۔

3... ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اللہ کے رسول ہیں۔



www.dawateislami.net

## دوسرا کَلِمَہ شَہَادَت (شہادت معنی گواہی)

اَشْهَدُ اَنْ لَّاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ (1)

## تیسرا کَلِمَہ تَمْجِیْد (تمجید معنی بزرگی)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ

اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ (2)

## چوتھا کَلِمَہ تَوْحِیْد (توحید معنی اکیلا)

لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

---

1... ترجمہ: میں گواہی دیتاہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتاہوں کہ بیشک محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

2... ترجمہ: اللہ پاک ہے اور سب خوبیاں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند، عظمت والا ہے۔



www.dawateislami.net

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ

حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُو الْجَلَالِ وَ

الْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ (1)

## پانچواں کَلِمَہ اِسْتِغْفَار (استغفار معنی معافی چاہنا)

اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْۢبٍ اَذْنَبْتُهٗ

عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

مِنَ الذَّنْۢبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْۢبِ

الَّذِيْ لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ

---

(1)... ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ہے بادشاہی اور اسی کے لئے حمد ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اس کو ہرگز کبھی موت نہیں آئے گی بڑے جلال اور بزرگی والا ہے اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادِر ہے۔



www.dawateislami.net

سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَاحَوْلَ

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ (1)

## چھٹا کلمہ رَدِّ کُفر (ردِّ کفر معنی کفر کا انکار کرنا)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ

شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ

اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ

وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ

وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَ

---

1 ... ترجمہ: میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر، چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے بھی جس کو میں نہیں جانتا (اے اللہ) بیشک تو غیبوں کا جاننے والا اور عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند، عظمت والا ہے۔



www.dawateislami.net

اَلْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰـہَ

اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ(صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)[1]

# وضو کا طریقہ

کعبۃُ اللہ شریف کی طرف منہ کرکے اُونچی جگہ بیٹھنا مستحب ہے۔ وُضو کیلئے نِیَّت کرنا سُنَّت ہے نِیَّت دل کے ارادے کو کہتے ہیں، دل میں نیّت ہوتے ہوئے زَبان سے بھی کہہ لینا اَفضل ہے لہٰذا زبان سے اِس طرح نیّت کیجئے کہ میں حکمِ الٰہی بجا لانے اور پاکی حاصل کرنے کیلئے وُضو کر رہا ہوں۔ ’’بِسْمِ اللہ‘‘ کہہ لیجئے کہ یہ بھی سنّت ہے۔ بلکہ ’’بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ‘‘ کہہ لیجئے کہ جب تک باوُضو رہیں گے فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ اب دونوں ہاتھ تین تین بار پہنچوں تک دھویئے، (نل بند کرکے) دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کا

1... ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں کسی شے کو تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائیوں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں اسلام لایا اور میں کہتا ہوں اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اللہ کے رسول ہیں۔



www.dawateislami.net

خِلال بھی کیجئے۔ کم اَز کم تین تین بار دائیں بائیں اُوپر نیچے کے دانتوں میں مِسواک کیجئے اور ہر بار مِسواک کو دھولیجئے۔

اب سیدھے ہاتھ کے تین چُلّو پانی سے (ہر بار نل بند کرکے) اس طرح تین کُلّیاں کیجئے کہ ہر بار مُنہ کے ہر پُرزے پر پانی بہہ جائے اگر روزہ نہ ہو تو غَرغَرہ بھی کرلیجئے۔ پھر سیدھے ہی ہاتھ کے تین چُلّو (اب ہر بار آدھا چُلّو پانی کافی ہے) سے (ہر بار نل بند کرکے) تین بار ناک میں نرم گوشت تک پانی چڑھائیے اور اگر روزہ نہ ہو تو ناک کی جڑ تک پانی پہنچائیے، اب (نل بند کرکے) اُلٹے ہاتھ سے ناک صاف کرلیجئے اور چھوٹی اُنگلی ناک کے سُوراخوں میں ڈالئے۔ تین بار سارا چِہرہ اِس طرح دھوئیے کہ جہاں سے عادَتاً سر کے بال اُگنا شروع ہوتے ہیں وہاں سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہر جگہ پانی بہہ جائے۔

اگر داڑھی ہے اور اِحرام باندھے ہوئے نہیں ہیں تو (نل بند کرنے کے بعد) اِس طرح خِلال کیجئے کہ اُنگلیوں کو گلے کی طرف سے داخِل کرکے سامنے کی طرف نکالئے۔ پھر پہلے سیدھا ہاتھ اُنگلیوں کے سرے سے دھونا شروع کرکے کہنیوں سمیت تین بار دھوئیے۔ اِسی طرح پھر اُلٹا ہاتھ دھولیجئے۔ دونوں

ہاتھ آدھے بازو تک دھونا مستحب ہے۔ اکثر لوگ چُلّو میں پانی لیکر پہنچے سے
تین بار چھوڑ دیتے ہیں کہ کہنی تک بہتا چلا جاتا ہے اس طرح کرنے سے کہنی
اور کلائی کی کروٹوں پر پانی نہ پہنچنے کا اندیشہ ہے لہٰذا بیان کردہ طریقے پر ہاتھ
دھوئیے۔ اب چُلّو بھر کر کہنی تک پانی بہانے کی حاجت نہیں بلکہ (بِغیر اجازتِ
صحیحہ ایسا کرنا) یہ پانی کا اِسراف ہے۔ اب (نل بند کرکے) سر کا مسح اِس طرح کیجئے
کہ دونوں انگوٹھوں اور کلمے کی انگلیوں کو چھوڑ کر دونوں ہاتھ کی تین تین
انگلیوں کے سِرے ایک دوسرے سے مِلا لیجئے اور پیشانی کے بال یا کھال پر رکھ
کر کھینچتے ہوئے گُدّی تک اِس طرح لے جائیے کہ ہتھیلیاں سَر سے جدا رہیں،
پھر گدّی سے ہتھیلیاں کھینچتے ہوئے پیشانی تک لے آئیے، کلمے کی اُنگلیاں اور
اَنگوٹھے اِس دَوران سر پر بالکل مَس نہیں ہونے چاہئیں، پھر کلمے کی اُنگلیوں
سے کانوں کی اندرونی سطح کا اور انگوٹھوں سے کانوں کی باہَری سَطْح کا مسح کیجئے
اور چھنگلیاں (یعنی چھوٹی انگلیاں) کانوں کے سُوراخوں میں داخِل کیجئے اور اُنگلیوں
کی پُشت سے گردن کے پچھلے حصّے کا مسح کیجئے، بعض لوگ گلے کا اور دُھلے
ہوئے ہاتھوں کی کہنیوں اور کلائیوں کا مسح کرتے ہیں یہ سُنَّت نہیں ہے۔ سر کا
مسح کرنے سے قبل ٹونٹی اچھی طرح بند کرنے کی عادت بنالیجئے بِلا وجہ نل کھلا



www.dawateislami.net

چھوڑ دینا یا اَدھورا بند کرنا کہ پانی ٹپکتا رہے گُناہ ہے۔اب پہلے سیدھا پھر اُلٹا پاؤں ہر بار اُنگلیوں سے شروع کرکے ٹخنوں کے اُوپر تک بلکہ مستحب ہے کہ آدھی پنڈلی تک تین تین بار دھو لیجئے۔ دونوں پاؤں کی اُنگلیوں کا خلال کرنا سُنّت ہے۔(خلال کے دَوران نل بند رکھئے)اس کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ اُلٹے ہاتھ کی چھنگلیا سے سیدھے پاؤں کی چھنگلیا کا خلال شروع کرکے اَنگوٹھے پر ختم کیجئے اور اُلٹے ہی ہاتھ کی چھنگلیا سے اُلٹے پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کرکے چھنگلیا پر ختم کرلیجئے۔(عامۂ کُتُب)

وُضو کے بعد یہ دعا بھی پڑھ لیجئے![1] (اوّل و آخِر دُرود شریف)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ [2]

---

1... جس نے اچھی طرح وضو کیا، پھر کلمہ شہادت پڑھا اور پھر یہ دعا پڑھی تو اس کیلئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے اندر داخل ہو۔(ترمذی، ۱/ ۱۲۱، حدیث: ۵۵)

2... ترجمہ: اے اللہ پاک! مجھے کثرت سے توبہ کرنے والوں میں بنا دے اور مجھے پاکیزہ رہنے والوں میں شامل کردے۔



www.dawateislami.net

وضو کے بعد کلمۂ شہادت[1] اور سورۂ قدر[2] پڑھ لیجئے۔

## وُضو کے چار فرائض

(1) چہرہ دھونا (2) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا (3) چوتھائی سر کا مَسح کرنا (4) ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا۔[3]

## غُسل کا طریقہ

بغیر زَبان ہِلائے دل میں اِس طرح نِیَّت کیجئے کہ میں پاکی حاصِل کرنے کیلئے غُسل کرتا ہوں۔ پہلے دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین تین بار دھویئے، پھر

---

1... جس نے اچھی طرح وضو کیا، پھر آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی اور کلمۂ شہادت "اَشْھَدُ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ" پڑھا اس کیلئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے اندر داخل ہو۔(السنن الکبریٰ للنسائی، ۶/۲۵، حدیث: ۹۹۱۲)

2... حدیث مبارک: جو وضو کے بعد ایک مرتبہ سورۃُ القدر پڑھے تو وہ صدیقین میں سے ہے اور جو دو مرتبہ پڑھے تو شہداء میں شمار کیا جائے اور جو تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ پاک میدانِ محشر میں اسے اپنے انبیاء کے ساتھ رکھے گا۔(کنز العمال، ۹/۱۳۲، رقم: ۲۶۰۸۵، الحاوی للفتاوی للسیوطی، ۱/۴۰۲)۔ جو وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۂ قدر پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہو گی۔ (مسائل القرآن، ص۲۹۱) سورۃُ القدر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝۲ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝۳ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝۴ سَلٰمٌ ۛ۫ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝۵

3... الفتاوی الھندیۃ، ۱/۳.



www.dawateislami.net

اِستِنجے کی جگہ دھویئے خواہ نَجاست ہو یا نہ ہو، پھر جسم پر اگر کہیں نَجاست ہو تو اُس کو دُور کیجئے پھر نماز کا سا وُضو کیجئے مگر پاؤں نہ دھویئے، ہاں اگر چوکی وغیرہ پر غُسل کر رہے ہیں تو پاؤں بھی دھو لیجئے، پھر بدن پر تیل کی طرح پانی چُپَڑ لیجئے، خصوصاً سردیوں میں،(اِس دوران صابن بھی لگا سکتے ہیں) پھر تین بار سیدھے کندھے پر پانی بہایئے، پھر تین بار اُلٹے کندھے پر، پھر سر پر اور تمام بدن پر تین بار، پھر غسل کی جگہ سے الگ ہو جایئے، اگر وُضو کرنے میں پاؤں نہیں دھوئے تھے تو اب دھو لیجئے، نہانے میں قبلہ رُخ نہ ہوں، تمام بدن پر ہاتھ پھیر کر مَل کر نہایئے۔ ایسی جگہ نہائیں کہ کسی کی نظر نہ پڑے اگر یہ ممکن نہ ہو تو مرد اپنا سَتْر (ناف سے لے کر دونوں گھٹنوں سمیت) کسی موٹے کپڑے سے چھپا لے، موٹا کپڑا نہ ہو تو حسبِ ضرورت دو یا تین کپڑے لپیٹ لے کیوں کہ باریک کپڑا ہو گا تو پانی سے بدن پر چپک جائے گا اور مَعَاذَ اللّٰہ گھٹنوں یا رانوں وغیرہ کی رنگت ظاہر ہو گی۔ عورت کو تو اور بھی زِیادہ احتیاط کی حاجت ہے۔ دَورانِ غسل کسی قسم کی گفتگو مت کیجئے، کوئی دُعا بھی نہ پڑھئے، نہانے کے بعد تولیہ وغیرہ سے بدن پُونچھنے میں حَرَج نہیں۔ نہانے کے بعد فوراً کپڑے پہن لیجئے۔ اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رَکعت نفل ادا کرنا مستحب ہے۔(عامۂ کتبِ فقہ)


www.dawateislami.net

# غُسل کے فرائض

(1) کلی کرنا (2) ناک میں پانی چڑھانا (3) تمام ظاہِر بدن پر پانی بہانا۔[1]

# تَیَمُّم کا طریقہ

''تَیَمُّم'' کی نِیَّت کیجئے (نِیَّت دل کے اِرادے کا نام ہے، زَبان سے بھی کہہ لیں تو بہتر ہے۔ مَثَلًا یوں کہئے: بے وُضوئی یا بے غسلی یا دونوں سے پاکی حاصل کرنے اور نماز جائز ہونے کے لئے تَیَمُّم کرتا ہوں) ''بِسۡمِ اللّٰه'' پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں کشادہ کرکے کسی ایسی پاک چیز پر جو زمین کی قسم (مَثَلًا: پتّھر، چُونا، اینٹ، دیوار، مٹّی وغیرہ) سے ہو مار کر لَوٹ لیجئے (یعنی آگے بڑھایئے اور پیچھے لایئے)۔ اور اگر زِیادہ گرد لگ جائے تو جھاڑ لیجئے اور اُس سے سارے مُنہ کا اِس طرح مسح کیجئے کہ کوئی حِصّہ رہ نہ جائے اگر بال برابر بھی کوئی جگہ رَہ گئی تو تَیَمُّم نہ ہوگا۔

پھر دوسری بار اسی طرح ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کا ناخنوں سے لے کر کہنیوں سمیت مسح کیجئے، اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اُلٹے ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ سیدھے ہاتھ کی پشت پر رکھئے اور انگلیوں

---

1 ...الفتاوی الهندية، ۱/۱۳.



www.dawateislami.net

کے سِروں سے کہنیوں تک لے جایئے اور پھر وہاں سے اُلٹے ہی ہاتھ کی ہتھیلی سے سیدھے ہاتھ کے پیٹ کو مَس کرتے ہوئے گِٹّے تک لایئے اور اُلٹے انگوٹھے کے پیٹ سے سیدھے انگوٹھے کی پُشت کا مسح کیجئے۔ اسی طرح سیدھے ہاتھ سے اُلٹے ہاتھ کا مسح کیجئے۔[1]

اور اگر ایک دم پوری ہتھیلی اور اُنگلیوں سے مسح کرلیا تب بھی ”تَیَمُّم“ ہو گیا چاہے کہنی سے اُنگلیوں کی طرف لائے یا اُنگلیوں سے کہنی کی طرف لے گئے مگر سُنَّت کے خلاف ہوا۔ تَیَمُّم میں سر اور پاؤں کا مسح نہیں ہے۔ (عامۂ کتبِ فقہ)

## تَیَمُّم کے فرائض

تَیَمُّم میں تین فرض ہیں: (1) نیت (2) سارے منہ پر ہاتھ پھیرنا، (3) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا مسح کرنا۔[2]

## اذان سے پہلے یہ دُرُودِ پاک پڑھئے

اَذان واِقامت سے قبل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھ کر دُرُود و سلام کے یہ چار صِیغے پڑھ لیجئے:

---

1 ...فتاوی تاتارخانیہ، ۱/ ۲۲۷. 2 ...بہارِ شریعت، ۱/ ۳۵۳، حصہ ۲۔


www.dawateislami.net

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَ اَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَ اَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللہ

پھر دُرُود وسلام اوراذان میں فَصل (یعنی گیپ) کرنے کے لیے یہ اعلان کیجئے: ”اذان کا اِحترام کرتے ہوئے گفتگو اور کام کاج روک کر اذان کا جواب دیجئے اور ڈھیروں نیکیاں کمائیے۔“ اس کے بعد اذان دیجئے۔ درود وسلام اور اِقامت کے درمِیان مسجِد میں یہ اعلان کیجئے: ”اِعتکاف کی نیّت کرلیجئے، موبائل فون ہو تو بند کر دیجئے۔“

## اذان

| | |
|---|---|
| اَللہُ اَکْبَرُ ط | اَللہُ اَکْبَرُ ط |
| اَللہُ اَکْبَرُ ط | اَللہُ اَکْبَرُ ط |



www.dawateislami.net

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ط(1)

---

1... ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اللہ کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اللہ کے رسول ہیں، نماز پڑھنے کے لیے آؤ! نماز پڑھنے کے لیے آؤ! نجات پانے کے لیے آؤ! نجات پانے کے لیے آؤ! اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔



www.dawateislami.net

# اذان کا جواب دینے کا طریقہ[1]

مؤذِّن صاحِب کو چاہیے کہ اَذان کے کلمات ٹھہر ٹھہر کر کہیں۔ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ" دونوں مل کر (بغیر سکتہ کئے ایک ساتھ پڑھنے کے اعتبار سے) ایک کلمہ ہیں دونوں کے بعد سکتہ کرے (یعنی چپ ہو جائے) اور سکتہ کی مقدار یہ ہے کہ جواب دینے والا جواب دے لے، سکتہ کا ترک مکروہ ہے اور ایسی اذان کا اِعادہ مستحب ہے۔[2] جواب دینے والے کو چاہیے کہ جب مؤذن صاحب "اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہہ کر سکتہ کریں یعنی خاموش ہوں اُس وقت "اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہے۔ اِسی طرح دیگر کلمات کا جواب دے۔ جب مؤذن پہلی بار "اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ" کہے، یہ کہے:

---

1... ایک صاحِب جن کا بظاہِر کوئی بہت بڑا نیک عمل نہ تھا، وہ فوت ہوگئے تو رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صَحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُم کی موجودگی میں (غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد) فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ پاک نے اسے جنّت میں داخِل کر دیا ہے۔ اس پر لوگ مُتَعَجِّب ہوئے کیونکہ بظاہر ان کا کوئی بڑا عمل نہ تھا۔ چُنانچہ ایک صحابی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ اُن کے گھر گئے اور ان کی بیوہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا سے پوچھا کہ اُن کا کوئی خاص عمل ہمیں بتائیے، تو اُنہوں نے جواب دیا: اور تو کوئی خاص بڑا عمل مجھے معلوم نہیں، صِرف اتنا جانتی ہوں کہ دن ہو یا رات، جب بھی وہ اذان سنتے تو جواب ضَرور دیتے تھے۔

(تاریخ دمشق لابن عساکر، ۴۰/ ۴۱۲، ۴۱۳، ملخصًا)

2...الدر المختار و رد المحتار، ۲/ ۲۶.



www.dawateislami.net

"صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه"[1][2]

جب دوبارہ کہے، یہ کہے:

"قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ"[3][4]

اور ہر بار انگوٹھوں کے ناخن آنکھوں سے لگالے، آخِر میں کہے:

"اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ"[5][6]

جو ایسا کرے سرکارِ مدینہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم اسے اپنے پیچھے پیچھے جنت میں لے جائیں گے۔[7]

"حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاح" کے جواب میں (چاروں بار) "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" کہے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں کہے (یعنی مؤذن

---

1 ...ردالمحتار، ۲/ ۸۴.

2 ... ترجمہ: آپ پر دُرُود ہو یا رسولَ اللہ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم)۔

3 ...ردالمحتار، ۲/ ۸۴.

4 ... ترجمہ: یا رسولَ اللہ! (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم) آپ سے میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

5 ...ردالمحتار، ۲/ ۸۴.

6 ... ترجمہ: اے اللہ پاک! میری سننے اور دیکھنے کی قوت سے مجھے نفع عطا فرما۔

7 ...ردالمحتار، ۲/ ۸۴.



www.dawateislami.net

نے جو کہا وہ بھی کہے اور "لَاحَوْل" بھی) بلکہ مزید یہ بھی مِلا لے:

"مَا شَآءَ اللهُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ"(1)(2)

"اَلصَّلٰوةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" کے جواب میں کہے:

"صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ"(3)(4)

اِقامت کا جواب مستحب ہے۔ اس کا جواب بھی اسی طرح ہے فرق اتنا ہے کہ "قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ" کے جواب میں کہے:

"اَقَامَهَا اللهُ وَاَدَامَهَا مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ"(5)(6)

اذان کا جواب دینے کے بعد پہلے دُرُود شریف پڑھیے(7) پھر اذان پڑھنے

---

1... الدر المختار و رد المحتار، ۲/۸۲، الفتاوی الھندیۃ، ۱/۵۷.

2... ترجمہ: جو اللہ پاک نے چاہا ہوا، جو نہیں چاہا نہ ہوا۔

3... الدر المختار و رد المحتار، ۲/۸۳.

4... ترجمہ: تو سچا اور نیکوکار ہے اور تو نے حق کہا ہے۔

5... الفتاوی الھندیۃ، ۱/۵۷.

6... ترجمہ: اللہ پاک اس کو قائم رکھے جب تک آسمان اور زمین ہیں۔

7... فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم: جب تم اذان سنو تو ان کلمات کو ادا کرو جو مؤذن نے کہے پھر مجھ پر دُرُود شریف پڑھو پھر وسیلہ کا سوال کرو۔ ایسا کرنے والے کے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

(مسلم، ص ۱۶۲، حدیث: ۸۴۹، ملخصًا)



www.dawateislami.net

والا اور اذان سننے والے سب یہ دعا پڑھیں:

## اذان کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ ط وَالصَّلٰوۃِ

الْقَآئِمَۃِ ط اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَ

الْفَضِیْلَۃَ ط وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ ط وَابْعَثْہُ

مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ ط وَارْزُقْنَا

شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ

الْمِیْعَادَ ط بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط (1)(2)

---

1... ردالمحتار، ۲/۸۴، ملتقطًا.

2... ترجمہ: اے اللہ! اِس دعوۃِ تامّہ اور صلوۃِ قائمہ کے مالک، تو ہمارے سردار حضرت محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کو وسیلہ اور فضیلت اور بہت بلند درجے عطا فرما اور اُن کو مقامِ محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دِن اِن کی شفاعت نصیب فرما۔ بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، ہم پر اپنی رحمت فرما اے سب سے بڑھ کر رَحم کرنے والے۔



www.dawateislami.net

# نَماز کا طریقہ

باوُضُو قبلہ رُو اِس طرح کھڑے ہوں کہ دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار اُنگل کا فاصلہ رہے اور دونوں ہاتھ کانوں تک لے جایئے کہ انگوٹھے کان کی لَو سے چھو جائیں اور اُنگلیاں نہ ملی ہوئی ہوں نہ خوب کھلی بلکہ اپنی حالت پر (NORMAL) رکھیں اور ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں نظر سجدہ کی جگہ ہو۔ اب جو نَماز پڑھنا ہے اُس کی نِیَّت یعنی دل میں اس کا پکّا اِرادہ کیجئے ساتھ ہی زَبان سے بھی کہہ لیجئے کہ زیادہ اچھا ہے (مثلاً نِیَّت کی میں نے آج کی ظہر کی چار رَکعت فرض نماز کی، اگر باجماعت پڑھ رہے ہیں تو یہ بھی کہہ لیں پیچھے اس اِمام کے) اب تکبیرِ تحریمہ یعنی "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے ہاتھ نیچے لایئے اور ناف کے نیچے اس طرح باندھئے کہ سیدھی ہتھیلی کی گدّی اُلٹی ہتھیلی کے سرے پر اور بیچ کی تین اُنگلیاں اُلٹی کلائی کی پیٹھ پر اور انگوٹھا اور چھنگلیا (یعنی چھوٹی انگلی) کلائی کے اَغل بغل ہوں۔

اب اس طرح ثنا پڑھئے:

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ وَ تَبَارَکَ


www.dawateislami.net

اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط[1]

پھر تعوُّذ پڑھئے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔

پھر تَسمِیہ پڑھئے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

پھر مکمَّل سُورَۂ فاتِحہ پڑھئے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا

ترجمۂ کنزالایمان: سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا۔ بہت مہربان رحمت والا، روزِ جزا کا مالِک۔ ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں۔

[1]... ترجمہ: پاک ہے تو اے اللہ! اور میں تیری حمد کرتا ہوں، تیرا نام بَرَکت والا ہے اور تیری عظمت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔



www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ﴿۷﴾ ع | ہم کو سیدھا راستہ چلا، راستہ اُن کا جن پر تونے اِحسان کیا، نہ اُن کا جن پر غَضَب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔ |

سُورۂ فاتِحہ ختم کر کے آہِستہ سے ''اٰمِیْن''[1] کہئے۔ پھر تین آیات یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا کوئی سُورت مَثَلاً سُورۂ اِخلاص پڑھئے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

| | |
|---|---|
| قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ یَلِدْ ۙ۬ وَ لَمْ یُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ ع | ترجمۂ کنز الایمان: تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اُس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اُس کے جوڑ کا کوئی۔ |

اب ''اَللّٰهُ اَكْبَر'' کہتے ہوئے رُکوع میں جائیے اور گھٹنوں کو اس طرح

1 ... ترجمہ: الٰہی ایسے ہی کر۔



www.dawateislami.net

ہاتھ سے پکڑ لیجئے کہ ہتھیلیاں گھٹنوں پر اور اُنگلیاں اچّھی طرح پھیلی ہوئی ہوں۔ پیٹھ بچھی ہوئی اور سر پیٹھ کی سیدھ میں ہو اُونچا نیچا نہ ہو اور نظر قدموں پر ہو۔ کم از کم تین بار رُکوع کی تسبیح یعنی "سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم"[1] کہئے۔ پھر تَسْمِیْع یعنی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ[2] کہتے ہوئے بِالکل سیدھے کھڑے ہو جائیے، اِس کھڑے ہونے کو "قَوْمَہ" کہتے ہیں۔ اگر آپ مُنْفَرِد ہیں یعنی اکیلے نَماز پڑھ رہے ہیں تو اِس کے بعد کہئے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ[3]

پھر "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے اِس طرح سجدے میں جائیے کہ پہلے گھٹنے زمین پر رکھئے پھر ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں اِس طرح سر رکھئے کہ پہلے ناک پھر پیشانی اور یہ خاص خیال رکھئے کہ ناک کی نوک نہیں بلکہ ہڈّی لگے اور پیشانی زمین پر جم جائے، نظر ناک پر رہے، بازوؤں کو کروٹوں سے، پیٹ کو رانوں سے اور رانوں کو پنڈلیوں سے جُدا رکھئے۔ (ہاں اگر صَف میں ہوں تو بازو

1... ترجمہ: پاک ہے میرا عظمت والا پروردگار۔
2... ترجمہ: اللہ پاک نے اُس کی سُن لی جس نے اُس کی تعریف کی۔
3... ترجمہ: اے اللہ! اے ہمارے مالک! سب خوبیاں تیرے ہی لیے ہیں۔


www.dawateislami.net

کروٹوں سے لگائے رکھئے) اور دونوں پاؤں کی دسوں اُنگلیوں کا رُخ اِس طرح قبلہ کی طرف رہے کہ دسوں اُنگلیوں کے پیٹ (یعنی اُنگلیوں کے تلووں کے اُبھرے ہوئے حصّے) زمین پر لگے رہیں۔ ہتھیلیاں بچھی رہیں اور اُنگلیاں "قبلہ رُو" رہیں مگر کلائیاں زمین سے لگی ہوئی مت رکھئے۔ اور اب کم اَز کم تین بار سجدے کی تسبیح یعنی "سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی"[1] پڑھئے۔ پھر سر اس طرح اٹھایئے کہ پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اٹھیں۔ پھر سیدھا قدم کھڑا کر کے اُس کی اُنگلیاں قبلہ رُخ کر دیجئے اور اُلٹا قدم بچھا کر اس پر خوب سیدھے بیٹھ جایئے اور ہتھیلیاں بچھا کر رانوں پر گھٹنوں کے پاس رکھئے کہ دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں قبلہ کی جانب اور اُنگلیوں کے سِرے گھٹنوں کے پاس ہوں۔ دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔ پھر کم اَز کم ایک بار سُبْحٰنَ اللہ کہنے کی مقدار ٹھہریئے (اِس وقفہ میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی "یعنی اے اللہ پاک! میری مغفرت فرما" کہہ لینا مستحب ہے) پھر "اَللہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے پہلے سجدے ہی کی طرح دوسرا سجدہ کیجئے۔ اب اسی طرح پہلے سر اُٹھایئے پھر ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ کر پنجوں کے بل کھڑے ہو جایئے۔ اُٹھتے وقت بغیر مجبوری زمین پر ہاتھ سے

[1]... ترجمہ: پاک ہے میرا پروردگار سب سے بلند۔



www.dawateislami.net

ٹیک مت لگائیے۔ یہ آپ کی ایک رَکعت پوری ہوئی۔ اب دوسری رکعت میں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" پڑھ کر اَلْحَمْد اور سورت پڑھئے اور پہلے کی طرح رُکوع اور سجدے کیجئے، دوسرے سجدے سے سر اُٹھانے کے بعد سیدھا قدم کھڑا کرکے اُلٹا قدم بچھا کر بیٹھ جایئے دو رَکعت کے دوسرے سجدے کے بعد بیٹھنا قعدہ کہلاتا ہے اب قعدہ میں تَشَہُّد پڑھئے:

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّیِّبٰتُ ط

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ

وَبَرَکَاتُهٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ

اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰہُ

وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ط (1)

جب تَشَہُّد میں لفظِ "لَا" کے قریب پہنچیں تو سیدھے ہاتھ کی بیچ کی

---

(1)... ترجمہ: تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ پاک ہی کیلئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی! اور اللہ پاک کی رَحمتیں اور بَرَکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ پاک کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) اس کے بندے اور رسول ہیں۔



www.dawateislami.net

اُنگلی اور اَنگوٹھے کا حلقہ بنا لیجئے اور چھنگلیا (یعنی چھوٹی اُنگلی) اور بِنْصَر یعنی اس کے برابر والی اُنگلی کو ہتھیلی سے ملا دیجئے اور (اَشْھَدُ اَنْ کے فوراً بعد) لفظِ "لَا" کہتے ہی کلمے کی اُنگلی اُٹھایئے مگر اس کو اِدھر اُدھر مت ہلایئے اور لفظ "اِلَّا" پر گرا دیجئے اور فوراً سب اُنگلیاں سیدھی کر لیجئے۔ اب اگر دو سے زِیادہ رکعتیں پڑھنی ہیں تو "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے کھڑے ہو جایئے۔ اگر فرض نماز پڑھ رہے ہیں تو تیسری اور چوتھی رکعت کے قیام میں "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" اور "اَلْحَمْد" شریف پڑھئے! سورت ملانے کی ضرورت نہیں۔ باقی اَفعال اِسی طرح بجالایئے اور اگر سُنَّت و نَفْل ہوں تو "سورۂ فاتِحہ" کے بعد سورت بھی ملایئے (ہاں اگر اِمام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں تو کسی بھی رَکعت کے قِیام میں قراءَت نہ کیجئے خاموش کھڑے رہیے) پھر چار رَکعتیں پوری کر کے قعدۂ اخیرہ میں تَشَہُّد کے بعد دُرُودِ ابراہیم عَلَیۡہِ السَّلَام پڑھئے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيۡتَ عَلٰۤى اِبۡرٰهِيۡمَ وَ عَلٰۤى اٰلِ اِبۡرٰهِيۡمَ

اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰى مُحَمَّدٍ



www.dawateislami.net

وَّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰۤی اِبْرٰھِیْمَ

وَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ (1)

پھر کوئی سی دُعائے ماثُورہ پڑھیے، مثلاً یہ دُعا پڑھ لیجئے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً

وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (2)

ساتھ ہی یہ دعا بھی پڑھ لیجئے کہ مستحب ہے: (3)

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ

رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ

---

1... ترجمہ: اے اللہ پاک! دُرود بھیج (ہمارے سردار) محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے دُرُود بھیجا (سیّدُنا) ابراہیم پر اور ان کی آل پر، بیشک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ پاک! برکت نازِل کر (ہمارے سردار) محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے بَرَکت نازِل کی (سیِّدُنا) ابراہیم اور ان کی آل پر، بیشک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے۔

2... ترجمہ: اے اللہ! اے رب ہمارے! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔

3... بہار شریعت، ۱/۵۳۵، حصہ ۳۔



www.dawateislami.net

لِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ [1]

پھر نماز ختم کرنے کیلئے پہلے دائیں کندھے کی طرف منہ کرکے ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ'' کہئے اور اسی طرح بائیں طرف۔ اب نَماز ختم ہوئی۔ [2]

## اسلامی بہنوں کی نَماز میں چند جگہ فَرْق ہے

مذکورہ نماز کا طریقہ امام یا تنہا مرد کا ہے۔ اسلامی بہنیں تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھ کندھوں تک اُٹھائیں اور چادَر سے باہر نہ نکالیں۔ [3] قیام میں اُلٹی ہتھیلی دونوں چھاتیوں یعنی پستانوں پر رکھ کر اس کے اُوپر سیدھی ہتھیلی رکھیں۔ رُکوع میں تھوڑا جھکیں یعنی اتنا کہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ دیں زور نہ دیں اور گھٹنوں کو نہ پکڑیں اور اُنگلیاں ملی ہوئی اور پاؤں جھکے ہوئے رکھیں مردوں کی طرح خوب سیدھے نہ کریں۔ سجدہ سِمَٹ کر کریں یعنی بازو کروٹوں سے پیٹ ران سے اور ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دیں، سجدے اور

---

1 ... ترجمہ: اے میرے رب مجھے نماز کا قائم کرنے والا رکھ اور کچھ میری اولاد کو اے ہمارے رب اور میری دعا سن لے اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔

2 ... مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی، ص۲۷۸، غنیۃ المتملی، ص۲۹۸.

3 ... الھدایۃ معہ فتح القدیر، ۱/۲۴۶.



www.dawateislami.net

قعدے دونوں میں پاؤں سیدھی طرف نکال دیں۔ قعدے میں اُلٹی سرین پر بیٹھیں اور سیدھا ہاتھ سیدھی ران کے بیچ میں اور اُلٹا ہاتھ اُلٹی ران کے بیچ میں رکھیں۔ باقی سب طریقہ اُسی طرح ہے۔[1]

## نَماز کے بعد پڑھے جانے والے اَوْرَاد

پنج وقتہ نَمازوں کے سُنن و نوافل سے فراغت کے بعد ذَیل کے اَوْرَاد پڑھ لیجئے سہولت کے لیے نمبر ضرور دیئے ہیں مگر ان میں ترتیب شرط نہیں ہے۔ ہر وِرد کے اوّل آخِر دُرُود شریف پڑھنا سونے پہ سُہاگہ ہے۔

﴿1﴾ تین بار: اِستِغْفار (اَسْتَغْفِرُ اللہَ)۔

﴿2﴾ ایک بار: اٰیتُ الْکُرسِی۔ (صفحہ 32 پر ملاحظہ کیجئے)

﴿3﴾ تینوں قُلْ: (سورہ اخلاص و سورہ فلق و سورہ ناس) ایک ایک بار۔

﴿4﴾ تسبیح فاطمہ: 33 بار: سُبْحَانَ اللہِ۔ 33 بار: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ 34 بار: اَللہُ اَکْبَرُ۔

---

1 ...ردالمحتار، ۲/۲۵۹، الفتاوی الھندیۃ، ۱/۷۴، وغیرہ.



www.dawateislami.net

﴿5﴾ ایک بار: لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[1]

﴿6﴾ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ[2][3]

﴿7﴾ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِيْ فِيْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ[4][5]

﴿8﴾ **شیطان سے محفوظ رہنے کا عمل:** حضورِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: جس نے نمازِ فجر ادا کی اور بات کئے بِغیر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورت) کو دس مرتبہ پڑھا تو اُس دِن میں اُسے کوئی گُناہ نہ پہنچے گا اور وہ

---

1 ... بہارِ شریعت، ۱/۵۳۹، حصہ ۳۔

2 ... ابو داود، ۲/۱۲۳، حدیث: ۱۵۲۲۔

3 ... ترجمہ: اے اللہ پاک! تو اپنے ذِکر، اپنے شکر اور اچھے طریقے سے اپنی عبادت کرنے پر میری مدد فرما۔

4 ... بخاری، ۱/۶۲۲، حدیث: ۱۸۹۰۔

5 ... ترجمہ: اے اللہ پاک! مجھے اپنی راہ میں شہادت عطا فرما اور مجھے اپنے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے شہر میں وفات نصیب فرما۔



www.dawateislami.net

شیطان سے بچایا جائے گا۔[1]

## چند متفرق اَوْرَاد

﴿9﴾ "ھُوَاللّٰہُ الرَّحِیْمُ": جو ہر نماز کے بعد 7 بار پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ شیطان کے شر سے بچا رہے گا اور اُس کا ایمان پر خاتمہ ہو گا۔

﴿10﴾ "یَا فَتَّاحُ": 70 بار جو روزانہ بعد نمازِ فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اُس کے دل کا زنگ و میل دُور ہو گا۔

﴿11﴾ "یَا حَکِیْمُ": 80 بار جو روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھ لیا کرے، اِنْ شَآءَ اللہ کسی کا محتاج نہ ہو۔[2]

## فرض نماز کے بعد اٰیتُ الکرسی پڑھنے کی فضیلت

حضرت سیِّدُنا ابو اُمامہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ سے رِوایت ہے کہ رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: جو ہر فرض نماز کے بعد اٰیۃُ الْکُرْسِی پڑھے گا، اُسے موت کے سوا جنّت میں داخلے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں۔[3]

---

1 ...تفسیر درمنثور، ۸/۶۷۸.

2 ...40 روحانی علاج مع طبی علاج، ص ۲، ۶، ۴، ملتقطاً۔

3 ...السنن الکبریٰ للنسائی، ۶/۳۰، حدیث: ۹۹۲۸.



www.dawateislami.net

# اٰیتُ الکُرسی

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ

وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ

ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ

اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ

اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ

وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ (1)

(1)... ترجمۂ کنزالایمان: اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا۔ اسے نہ اونگھ آئے نہ نیند۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں۔ وہ کون ہے جو اس کے یہاں سفارش کرے بے اس کے حکم کے۔ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے۔ اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین۔ اور اسے بھاری نہیں ان کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا۔



www.dawateislami.net

# نَماز کی 6 شرائط

(1) طہارت (2) سَترِ عورت (3) اِستِقبالِ قبلہ (4) وقت (5) نِیَّت (6) تکبیرِ تَحریمہ۔

# نَماز کے 7 فرائض

(1) تکبیرِ تحریمہ (2) قِیام (3) قراءَت (4) رُکوع (5) سُجُود (6) قعدۂ اَخیرہ (7) خُرُوجِ بِصُنعِہٖ۔[1]

# نماز کے 30 واجِبات

(1) تکبیرِ تحریمہ میں لَفظ ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہنا (2) فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ باقی تمام نمازوں کی ہر رکعت میں اَلْحَمْد شریف پڑھنا، سُورت ملانا یا قرآنِ پاک کی ایک بڑی آیت جو چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا (3) اَلْحَمْد شریف کا سورت سے پہلے پڑھنا (4) اَلْحَمْد شریف اور سورت کے درمیان ''اٰمِیْن'' اور ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم'' کے علاوہ کچھ اور نہ پڑھنا (5) قراءَت کے فوراً بعد رُکوع

---

1 ...غنیۃ المتملی، ص۲۵۶.



www.dawateislami.net

کرنا(6)ایک سجدے کے بعد بِالتَّرتیب دوسرا سجدہ کرنا(7)تَعدِیلِ اَرکان یعنی رُکوع، سجود، قومہ اور جلسہ میں کم از کم ایک بار ''سُبْحٰنَ اللہ'' کہنے کی مقدار ٹھہرنا(8)قومہ یعنی رُکوع سے سیدھا کھڑا ہونا(بعض لوگ کمر سیدھی نہیں کرتے اس طرح اُن کا واجب چھوٹ جاتا ہے)(9)جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا(بعض لوگ جلد بازی کی وجہ سے برابر سیدھے بیٹھنے سے پہلے ہی دوسرے سجدے میں چلے جاتے ہیں اس طرح ان کا واجب ترک ہو جاتا ہے چاہے کتنی ہی جلدی ہو سیدھا بیٹھنا لازمی ہے ورنہ نماز مکروہِ تحریمی واجبُ الْاِعَادَہ ہوگی)(10)قعدۂ اُولیٰ واجب ہے اگرچہ نمازِ نفل ہو......

(دراصل نفل کا ہر قعدہ، ''قعدۂ اخیرہ'' ہے اور فرض ہے اگر قعدہ نہ کیا اور بھول کر کھڑا ہو گیا تو جب تک اس رَکعت کا سجدہ نہ کر لے لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے۔)[1]

اگر نفل کی تیسری رکعت کا سجدہ کر لیا تو چار پوری کر کے سجدۂ سہو کرے، سجدۂ سہو اس لئے واجب ہوا کہ اگرچِہ نفل میں ہر دو رَکعت کے بعد قعدہ فرض ہے مگر تیسری یا پانچویں(عَلٰی ھٰذَا الْقِیَاس)رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد قعدۂ اولیٰ فرض کے بجائے واجب ہو گیا۔[2] (11)فرض، وِتر اور

1 ...بہارِ شریعت، ۱/ ۷۱۲، حصہ ۴۔
2 ...حاشیۃ الطحطاوی، ص ۴۶۶، ملخصًا.


www.dawateislami.net

سُنّتِ مُؤَکَّدہ میں تَشَہُّد(یعنی اَلتَّحِیَّات) کے بعد کچھ نہ بڑھانا(12)دونوں قعدوں میں "تَشَہُّد" مکمَّل پڑھنا۔ اگر ایک لفظ بھی چھوٹا تو واجب ترک ہو جائے گا اور سَجدۂ سَہْو واجب ہو گا(13)فرض، وِتر اور سنّتِ مُؤَکَّدہ کے قعدۂ اُولیٰ میں تَشَہُّد کے بعد اگر بے خیالی میں:

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ"

یا

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا"

کہہ لیا تو سجدۂ سَہْو واجب ہو گیا اور اگر جان بوجھ کر کہا تو نَماز لوٹانا واجب ہے[1](14)دونوں طرف سلام پھیرتے وقت لفظ "اَلسَّلَام" دونوں بار واجب ہے۔ لفظ "عَلَیْکُمْ" واجب نہیں بلکہ سنّت ہے (15)وِتر میں تکبیرِ قنوت کہنا (16)وِتر میں دُعائے قنوت پڑھنا (17)عِیدَین کی چھ تکبیریں (18)عیدین میں دوسری رَکعت کی تکبیرِ رُکوع اور اِس تکبیر کیلئے لفظِ "اَللّٰہُ اَکْبَر" ہونا(19) جَہرِی نَماز مَثَلاً مغرِب و عشا کی پہلی اور دوسری رکعت اور فجر، جمعہ، عیدین، تراوِیح اور رمضان شریف کے وِتر کی ہر رَکعت میں اِمام کو

[1]...الدرالمختار و رد المحتار، ۲/۲۶۹.



www.dawateislami.net

جَہر (یعنی اتنی بلند آواز کہ کم از کم تین آدمی سُن سکیں) سے قراءَت کرنا (20) غیر جہری نَماز (مثلاً ظہر و عصر) میں آہستہ قراءَت کرنا (21) ہر فرض و واجب کا اُس کی جگہ ہونا (22) رُکوع ہر رَکعت میں ایک ہی بار کرنا (23) سجدہ ہر رَکعت میں دو ہی بار کرنا (24) دوسری رَکعت سے پہلے قعدہ نہ کرنا (25) چار رَکعت والی نَماز میں تیسری رَکعت پر قعدہ نہ کرنا (26) آیتِ سجدہ پڑھی ہو تو سجدۂ تلاوت کرنا (27) سجدۂ سہو واجب ہوا ہو تو سجدۂ سہو کرنا (28) دو فرض یا دو واجب یا فرض و واجب کے درمیان تین تسبیح کی قدر (یعنی تین بار "سُبْحٰنَ اللہ" کہنے کی مقدار) وقفہ نہ ہونا (29) اِمام جب قراءَت کرے خواہ بلند آواز سے ہو یا آہستہ آواز سے مقتدی کا چُپ رہنا (30) قراءَت کے سوا تمام واجبات میں اِمام کی پیروی کرنا۔[1]

## دُعائے قُنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ

نُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ

1... الدر المختار و رد المحتار، ۲/۱۸۱، الفتاوی الھندیۃ، ۱/۷۱.



www.dawateislami.net

اَلْخَیْرَ وَ نَشْکُرُکَ وَ لَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ

نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ط اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ

لَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ

نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَ نَخْشٰی عَذَابَکَ

اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ط[1]

دعائے قنوت کے بعد دُرُود شریف پڑھنا بہتر ہے۔[2]

جو دُعائے قنوت نہ پڑھ سکیں وہ یہ پڑھیں:

”اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ“[3][4]

---

1... ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے بخشش مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسا رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے اُمّیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

2... غنیۃ المتملی، ص۴۱۷۔ 3... مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی، ص۳۸۵۔

4... ترجمہ: اے اللہ پاک! میری مغفرت فرمادے۔



www.dawateislami.net

یا یہ تین بار پڑھ لیں:

”یَا رَبِّ“ [1] [2]

## سجدۂ سَہُو کا طریقہ

اَلتَّحِیَّات پڑھ کر بلکہ افضل یہ ہے کہ دُرُود شریف بھی پڑھ لیجئے، سیدھی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کیجئے پھر تَشَہُّد، دُرُود شریف اور دُعا پڑھ کر سلام پھیر دیجئے۔ [3]

## نَماز کی رکعتیں

| وقت | سنّتِ قبلیہ | فرض | سنّتِ بعدیہ | نفل | کل رکعتیں |
|---|---|---|---|---|---|
| فجر | 2 سنت مؤکدہ | 2 | - | - | 4 |
| ظہر | 4 سنت مؤکدہ | 4 | 2 سنت مؤکدہ | 2 | 12 |
| عصر | 4 سنت غیر مؤکدہ | 4 | - | - | 8 |
| مغرب | - | 3 | 2 سنت مؤکدہ | 2 | 7 |
| عشا | 4 سنت غیر مؤکدہ | 4 | 2 سنت مؤکدہ | 2 نفل پھر 3 وتر واجب اس کے بعد پھر 2 نفل | 17 |
| جمعہ | 4 سنت مؤکدہ | 2 | 4 سنت مؤکدہ | 2 سنت پھر 2 نفل | 14 |

1...ردالمحتار، ۲/۵۳۵. 2...ترجمہ: اے میرے رب۔ 3...فتاویٰ قاضی خان معہ عالمگیری، ۱/۱۲۱.



www.dawateislami.net

# دُعائے تَراویح

سُبْحٰنَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ؕ سُبْحٰنَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ؕ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ؕ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَّبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ؕ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ؕ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ (1)

1... ترجمہ: پاک ہے ملک و ملکوت والا، پاک ہے عزت و بزرگی اور جلال و قدرت اور بڑائی اور جبروت والا، پاک ہے بادشاہ جو زندہ ہے، جو نہ سوتا ہے، نہ مرتا ہے پاک مقدس ہے ہمارا ربّ اور ربّ فرشتوں اور روح کا، اے اللہ! مجھے (جہنم کی) آگ سے نجات عطا فرما، اے نجات دینے والے! اے نجات دینے والے! اے نجات دینے والے! اپنی رحمت کے سبب ہم پر رحم فرما اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔



www.dawateislami.net

## تکبیرِ تشریق

نویں ذُوالْحِجَّةِ الْحرام کی فجر سے تیرھویں کی عصر تک پانچوں وقت کی فرض نمازیں جو مسجد کی جماعتِ اُولیٰ کے ساتھ ادا کی گئیں ان میں ایک بار بلند آواز سے تکبیر کہنا واجب ہے اور تین بار افضل [1] اسے تکبیرِ تشریق کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ط [2]

## نمازِ جنازہ کا طریقہ

مقتدی اس طرح نِیَّت کرے: ”میں نیّت کرتا ہوں اِس جنازہ کی نَماز کی، واسطے اللہ پاک کے، دعا اِس میِّت کیلئے، پیچھے اِس امام کے۔“ [3] اب اِمام و مقتدی پہلے کانوں تک ہاتھ اٹھائیں اور ”اَللّٰہُ اَکْبَر“ کہتے ہوئے فوراً حسبِ

1 ...تبیین الحقائق، ۱/۲۲۷.

2 ...تنویر الابصار معہ رد المحتار، ۳/۷۱.

3 ...فتاوی تاتارخانیہ، ۲/۱۵۳.



www.dawateislami.net

معمول ناف کے نیچے باندھ لیں اور ثنا پڑھیں۔ اس میں "وَتَعَالٰی جَدُّكَ" کے بعد " وَجَلَّ ثَنَآءُ كَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ" پڑھیں، پھر بِغیر ہاتھ اُٹھائے "اَللّٰهُ اَكْبَر" کہیں، پھر دُرُودِ ابراہیم پڑھیں، پھر بِغیر ہاتھ اٹھائے "اَللّٰهُ اَكْبَر" کہیں اور دُعا پڑھیں (اِمام تکبیریں بلند آواز سے کہے اور مقتدی آہستہ۔ باقی تمام اَذکار امام و مقتدی سب آہستہ پڑھیں) دُعا کے بعد پھر "اَللّٰهُ اَكْبَر" کہیں اور ہاتھ لٹکا دیں پھر دونوں طرف سلام پھیر دیں۔[1]

## نمازِ جنازہ کے اَرکان

نمازِ جنازہ کے دو رکن ہیں: (1) چار بار "اَللّٰهُ اَكْبَر" کہنا (2) قیام۔[2]

## بالغ مرد و عورَت کے جنازہ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ مَيِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَ

غَآئِبِنَا وَ صَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَ اُنْثٰنَا ط

اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ

1 ...حاشية الطحطاوی، ص ۵۸۴.

2 ...الدرالمختار و ردالمحتار، ۳/۱۲۴.



www.dawateislami.net

وَ مَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ (1)

## نابالغ لڑکے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَآ اَجْرًا

وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا ط (2)

## نابالغ لڑکی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَآ اَجْرًا

---

1... ترجمہ: الٰہی بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے ہر فوت شدہ کو اور ہمارے ہر حاضر کو اور ہمارے ہر غائب کو اور ہمارے ہر چھوٹے کو اور ہمارے ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد کو اور ہماری ہر عورت کو، الٰہی تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے تو اس کو ایمان پر موت دے۔

2... ترجمہ: الٰہی اس (لڑکے) کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنے والا بنا دے اور اس کو ہمارے لئے اَجر (کا موجب) اور وقت پر کام آنے والا بنادے اور اس کو ہماری سفارش کرنے والا بنادے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔



www.dawateislami.net

وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً ط[1][2]

# 40 مَسنُون دعائیں

## (1) وضو شروع کرنے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ[3][4]

### یا یہ پڑھ لیجئے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ[5][6]

## (2) وضو کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ

---

1 ... مشکوٰۃ المصابیح، ۱/۳۱۹، حدیث ۱۶۷۵، الفتاوی الھندیۃ، ۱/۱۶۴.

2 ... ترجمہ: الٰہی اس (لڑکی) کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنے والی بنا دے اور اس کو ہمارے لئے اجر (کی موجب) اور وقت پر کام آنے والی بنا دے اور اس کو ہماری سفارش کرنے والی بنا دے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔

3 ... الاذکار للنووی، ص ۳۱.

4 ... ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

5 ... المعجم الصغیر، ص ۷۳.

6 ... ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع اور سب خوبیاں اللہ کو۔



www.dawateislami.net

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ [1][2]

## (3) قراٰنِ پاک پڑھنے سے پہلے کی دعا:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ [3][4]

## (4) نیا چاند دیکھتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ
وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ [5][6]

## (5) تیل / عطر لگاتے وقت کی دعا:

---

1 ...ترمذی، ۱/ ۱۲۱، حدیث: ۵۵.

2 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! مجھے کثرت سے توبہ کرنے والوں میں بنادے اور مجھے پاکیزہ رہنے والوں میں شامل کردے۔

3 ...الاذکار للنووی، ص ۴۵.

4 ...ترجمہ: میں اللہ پاک کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

5 ...ترمذی، ۵/ ۲۸۱، حدیث: ۳۴۶۲.

6 ...ترجمہ: اے اللہ پاک اسے ہم پر خیر و امان، سلامتی اور اسلام کا چاند بنا کر چمکا، اے چاند! میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ [1][2]

## (6) سوتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی [3][4]

## (7) سو کر اُٹھنے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْۤ اَحْیَانَا بَعْدَ مَاۤ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ [5][6]

## (8) علم میں اضافے کی دعا:

رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا [7][8][9]

---

1 ...بخاری، ۲/۴۰۳، حدیث: ۳۲۹۴.

2 ...ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

3 ...بخاری، ۴/۱۹۳، حدیث: ۶۳۱۴.

4 ...ترجمہ: اے اللہ پاک میں تیرے نام سے مرتا (یعنی سوتا) ہوں اور جیتا (یعنی جاگتا) ہوں۔

5 ...بخاری، ۴/۱۹۳، حدیث: ۶۳۱۴.

6 ...ترجمہ: سب خوبیاں اللہ کے لئے جس نے ہمیں موت (یعنی نیند) کے بعد حیات (یعنی بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

7 ...پ۱۶، طٰہٰ: ۱۱۴.

8 ...بستان العارفین لسمرقندی، ص۱۰۰، ماخوذاً.

9 ...ترجمۂ کنز الایمان: اے میرے رب! مجھے علم زیادہ دے۔



www.dawateislami.net

## (9) مرغ کی بانگ سن کر پڑھنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ [1][2]

## (10) زبان کی لکنت دور کرنے کی دعا:

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ ﴿۲۶﴾
وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ﴿۲۷﴾ یَفۡقَہُوۡا قَوۡلِیۡ [3][4]

(ہر نماز کے بعد سات بار) [5]

## (11) بَیۡتُ الۡخلا میں جانے سے پہلے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَآئِثِ [6][7]

## (12) بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد کی دعا:

---

1 ...بخاری، ۲/۴۰۵، حدیث: ۳۳۰۳، ماخوذاً۔
2 ...ترجمہ: یاالٰہی! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔
3 ...پ۱۶، طٰہٰ: ۲۵-۲۸۔
4 ...ترجمۂ کنزالایمان: اے میرے رب میرے لیے میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کر اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھیں۔
5 ...رسالہ: فرعون کا خواب، ص ۲۵۔
6 ...بخاری، ۴/۱۹۵، حدیث: ۶۳۲۲۔
7 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! میں ناپاک جنوں اور جنّنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ[1][2]

## (13) آئینہ دیکھتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ[3][4]

## (14) کھانے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَكَةِ اللّٰهِ[5][6]

## (15) کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ[7][8]

## (16) پانی پینے سے پہلے کی دعا:

---

1...مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷/۱۴۹، حدیث: ۲.

2...ترجمہ: اللہ پاک کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیت دور کی اور مجھے عافیت دی۔

3...الحصن الحصین، ص ۱۰۲.

4...ترجمہ: اے اللہ پاک! تو نے میری صورت تو اچھی بنائی ہے میری سیرت بھی اچھی کر دے۔

5... تفسیر مظہری (مترجم)، سورۃ التکاثر، ۱۰/۴۰۷، مستدرک، ۵/۱۴۶، حدیث: ۷۱۶۶، ملتقطاً.

6...ترجمہ: اللہ پاک کے نام سے اور اللہ پاک کی برکت پر (کھاتا ہوں)۔

7...ابو داود، ۳/۵۱۳، حدیث: ۳۸۵۰.

8...ترجمہ: سب خوبیاں اللہ پاک کیلئے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔



www.dawateislami.net

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ [1][2]

## (17) پانی پینے کے بعد کی دعا:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ [3][4]

## (18) دودھ پینے سے پہلے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ لَنَا فِیۡهِ وَزِدۡنَا مِنۡهُ [5][6]

## (19) بد ہضمی کی دعا: [7]

کُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِیۡٓـًٔا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۴۳﴾

---

1 ... الاذکار للنووی، ص۱۸۶۔

2 ... ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

3 ... عمل الیوم واللیلۃ لابن سنی، ص۲۱۰، ملخصًا۔

4 ... ترجمہ: سب خوبیاں اللہ پاک کو۔

5 ... ابوداود، ۳/۴۷۶، حدیث: ۳۷۳۰۔

6 ... ترجمہ: اے اللہ پاک! ہمارے لئے اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما۔

7 ... جس شخص کو بد ہضمی کی شکایت ہو اور وہ اِس آیتِ کریمہ کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرکے اُسے اپنے پیٹ پر پھیرے اور کھانے وغیرہ پر دم کرکے کھانا کھایا کرے اِنۡ شَآءَ اللہ بد ہضمی کی شکایت دُور ہو جائے گی۔ (فیضان سنت، ۱/۶۰۹)



www.dawateislami.net

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ [1][2]

## (20) گھر سے نکلتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ [3][4]

## (21) گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ [5][6]

## (22) مسجد میں داخل ہونے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْۤ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ [7][8]

---

1 ...پ۲۹، المرسلٰت: ۴۳، ۴۴.

2 ...ترجمۂ کنزالایمان: کھاؤ اور پیو رچتا ہوا اپنے اعمال کا صلہ بیشک نیکوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

3 ...ابو داود، ۴/ ۴۲۰، حدیث: ۵۰۹۵.

4 ...ترجمہ: اللہ پاک کے نام سے (میں نکلتا ہوں اور) میں نے اللہ پاک پر بھروسا کیا، گناہ سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ پاک ہی کی طرف سے ہے۔

5 ...ابوداود، ۴/ ۴۲۰، حدیث: ۵۰۹۶.

6 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! میں تجھ سے داخل ہونے اور نکلنے کی جگہوں کی بھلائی طلب کرتا ہوں۔

7 ...ابو داود، ۱/ ۱۹۹، حدیث: ۴۶۵.

8 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔



www.dawateislami.net

## (23) مسجد سے نکلتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْـَٔلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (1)(2)

## (24) بلندی پر چڑھتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (3)(4)

## (25) بلندی سے اُترتے وقت کی دعا:

سُبْحٰنَ اللّٰهِ (5)(6)

## (26) مسلمان بھائی سے ملاقات کے وقت کی دعا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ (7)(8)

---

1 ...ابو داود، ۱/۱۹۹، حدیث: ۴۶۵.

2 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔

3 ...بخاری، ۲/۳۰۷، حدیث: ۲۹۹۴.

4 ...ترجمہ: اللہ پاک سب سے بڑا ہے۔

5 ...بخاری، ۲/۳۰۷، حدیث: ۲۹۹۴.

6 ...ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔

7 ...الاذکار للنووی، ص ۱۹۶.

8 ...ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ پاک کی رحمت اور برکتیں ہوں۔



www.dawateislami.net

## (27) مصافحہ کرتے وقت کی دعا:

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ[(1)][(2)]

## (28) کسی مسلمان کو مسکراتا دیکھ کر پڑھنے کی دعا:

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ[(3)][(4)]

## (29) غصہ آنے / کتے کے بھونکنے / گدھے کے رینگنے پر پڑھی جانے والی دعا:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ[(5)][(6)]

## (30) بارش کے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ سُقْيًا نَّافِعًا[(7)][(8)]

---

1 ...الاذکار للنووی، ص ۲۱۴، ملخصًا.

2 ...ترجمہ: اللہ پاک ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے۔

3 ...بخاری، ۲/ ۴۰۳، حدیث: ۳۲۹۴.

4 ...ترجمہ: اللہ پاک آپ کو ہمیشہ مسکراتا رکھے۔

5 ...بخاری، ۴/ ۱۳۰، حدیث: ۶۱۱۵، مسند احمد، ۵/ ۳۴، حدیث: ۱۴۲۸۷.

6 ...ترجمہ: میں شیطان مردود سے اللہ پاک کی پناہ چاہتا ہوں۔

7 ...مشکاۃ المصابیح، ۱/ ۲۹۲، حدیث: ۱۵۲۰.

8 ...ترجمہ: یاالٰہی! ایسا پانی برسا جو نفع پہنچائے۔



www.dawateislami.net

## (31) ہر موذی مرض سے پناہ کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡبَرَصِ وَالۡجُذَامِ وَالۡجُنُوۡنِ وَمِنۡ سَیِّءِ الۡاَسۡقَامِ[1][2]

## (32) بخار سے شفا کی دعا:[3]

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَبِیۡرِ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ عِرۡقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّارِ[4][5]

## (33) بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعا:

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ

---

1... ابو داود، ۲/ ۱۳۲، حدیث: ۱۵۵۴.

2... ترجمہ: یاالٰہی! میں تجھ سے برص، جزام، جنون اور دوسری بیماریوں سے پناہ چاہتا ہوں۔

3... جس کو بخار ہو سات بار یہ دعا پڑھے، اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا نمازی آدمی سات بار پڑھ کر دم کر دے یا پانی پر دم کر کے پلا دے، اِنۡ شَآءَ اللّٰہ بخار اتر جائے گا۔ ایک مرتبہ میں بخار نہ اترے تو بار بار یہ عمل کریں۔ (مدنی پنج سورہ، ص ۲۳۴)

4... المعجم الکبیر، ۱۱/ ۱۷۹، حدیث: ۱۱۵۶۳.

5... ترجمہ: اللہ کے نام سے جو بڑا ہے اور میں پناہ چاہتا ہوں اللہ بزرگ و برتر کی ہر اُچھلنے والی رگ اور آگ کی گرمی کے نقصان سے۔



www.dawateislami.net

وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَحَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ [1][2]

## (34) چھینک آنے پر پڑھنے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ [3][4]

## (35) چھینکنے والے کا جواب دینے کی دعا:

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ [5][6]

## (36) شکریہ ادا کرتے وقت کی دعا:

---

1 ...ترمذی، ۵/ ۲۷۱، حدیث: ۳۴۳۹.

2 ...ترجمہ: اللہ پاک کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ہے بادشاہی اور اسی کے لئے حمد ہے، وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے وہ زندہ ہے اس کو ہرگز موت نہیں آئے گی، تمام بھلائیاں اسی کے دستِ قدرت میں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

3 ...ترمذی، ۴/ ۳۳۹، حدیث: ۲۷۴۷.

4 ...ترجمہ: اللہ پاک کا ہر حال میں شکر ہے۔

5 ...بخاری، ۴/ ۱۶۳، حدیث: ۶۲۲۴.

6 ...ترجمہ: اللہ پاک تجھ پر رحم کرے۔



www.dawateislami.net

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا [1][2]

## (37) ادائے قرض کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ [3][4]

## (38) مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعا: [5]

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ

---

1 ...ترمذی، ۳/ ۴۱۷، حدیث: ۲۰۴۲.

2 ...ترجمہ: اللہ پاک تم کو بہترین بدلہ دے۔

3 ...مستدرک، ۲/ ۲۳۰، حدیث: ۲۵۱۶.

4 ...ترجمہ: اے اللہ پاک! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کر دے۔

5 ...جو شخص کسی بلا رسیدہ کو دیکھ کر یہ دُعا پڑھ لے گا اِنْ شَآءَ اللہ اس بلا سے محفوظ رہے گا۔ ہر طرح کے اَمراض و بلا میں مبتلا کو دیکھ کر یہ دُعا پڑھ سکتے ہیں، لیکن تین قسم کی بیماریوں میں مبتلا شخص کو دیکھ کر یہ دُعا نہ پڑھی جائے کیونکہ منقول ہے کہ تین بیماریوں کو مکروہ نہ رکھو: (1) زکام کہ اس کی وجہ سے بہت سی بیماریوں کی جڑ کٹ جاتی ہے (2) کھجلی کہ اس سے امراضِ جلدیہ اور جذام وغیرہ کا اِنسداد ہو جاتا ہے (3) آشوبِ چشم نابینائی کو دفع کرتا ہے۔ (اس دُعا کو پڑھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ مصیبت زدہ تک آواز نہ پہنچے کیونکہ اس سے اس کی دل شکنی ہو سکتی ہے)۔ (مدنی پنج سورہ، ص ۲۰۹)


www.dawateislami.net

وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا (1)(2)

## (39) ستاروں کو دیکھتے وقت کی دعا:

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (3)(4)(5)

## (40) محفل / مجمع / مجلس کے اختتام کی دعا:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ (6)(7)

---

1 ...ترمذی، ۵/ ۲۷۲، حدیث: ۳۴۴۲.

2 ...ترجمہ: اللہ پاک کا شکر ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی۔

3 ...پ ۴، آل عمران: ۱۹۱.

4 ...تنبیہ الغافلین، ص ۳۰۸.

5 ...ترجمۂ کنزالایمان: اے ربّ ہمارے! تو نے یہ بیکار نہ بنایا، پاکی ہے تجھے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

6 ...ابو داود، ۴/ ۳۴۸، حدیث: ۴۸۵۹.

7 ...ترجمہ: تیری ذات پاک ہے اور اے اللہ! تیرے ہی لیے تمام خوبیاں ہیں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

# فہرست


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| درود شریف کی فضیلت | 1 | فرض نماز کے بعد اٰیت الکرسی پڑھنے کی فضیلت | 31 |
| ایمانِ مفصل | 1 | اٰیت الکرسی | 32 |
| ایمانِ مجمل | 2 | نماز کی 6 شرائط | 33 |
| شش (6) کلمے | 2 | نماز کے 7 فرائض | 33 |
| وضو کا طریقہ | 6 | نماز کے 30 واجبات | 33 |
| وضو کے چار فرائض | 10 | دعائے قنوت | 36 |
| غسل کا طریقہ | 10 | سجدۂ سہو کا طریقہ | 38 |
| غسل کے فرائض | 12 | نماز کی رکعتیں | 38 |
| تیمم کا طریقہ | 12 | دعائے تراویح | 39 |
| تیمم کے فرائض | 13 | تکبیرِ تشریق | 40 |
| اذان سے پہلے یہ درودِ پاک پڑھئے | 13 | نمازِ جنازہ کا طریقہ | 40 |
| اذان | 14 | نمازِ جنازہ کے ارکان | 41 |
| اذان کا جواب دینے کا طریقہ | 16 | بالغ مرد وعورت کے جنازہ کی دعا | 41 |
| اذان کی دعا | 19 | نابالغ لڑکے کی دعا | 42 |
| نماز کا طریقہ | 20 | نابالغ لڑکی کی دعا | 42 |
| اسلامی بہنوں کی نماز میں چند جگہ فرق ہے | 28 | **40 مسنون دعائیں** | 43 |
| نماز کے بعد پڑھے جانے والے اَوْرَاد | 29 | (1) وضو شروع کرنے سے پہلے کی دعا | 43 |
| شیطان سے محفوظ رہنے کا عمل | 30 | (2) وضو کے بعد کی دعا | 43 |
| چند متفرق اَوْرَاد | 31 | (3) قراٰنِ پاک پڑھنے سے پہلے کی دعا | 44 |




www.dawateislami.net

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| (4)نیا چاند دیکھتے وقت کی دعا | 44 |
| (5) تیل / عطر لگاتے وقت کی دعا | 44 |
| (6)سوتے وقت کی دعا | 45 |
| (7)سو کر اُٹھنے کے بعد کی دعا | 45 |
| (8)علم میں اضافے کی دعا | 45 |
| (9)مرغ کی بانگ سن کر پڑھنے کی دعا | 46 |
| (10)زبان کی لکنت دور کرنے کی دعا | 46 |
| (11)بیت الخلا میں جانے سے پہلے کی دعا | 46 |
| (12)بیت الخلاء سے باہر نکلنے کے بعد کی دعا | 46 |
| (13)آئینہ دیکھتے وقت کی دعا | 47 |
| (14)کھانے سے پہلے کی دعا | 47 |
| (15)کھانے کے بعد کی دعا | 47 |
| (16)پانی پینے سے پہلے کی دعا | 47 |
| (17)پانی پینے کے بعد کی دعا | 48 |
| (18)دودھ پینے سے پہلے کی دعا | 48 |
| (19)بد ہضمی کی دعا | 48 |
| (20)گھر سے نکلتے وقت کی دعا | 49 |
| (21)گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 49 |
| (22)مسجد میں داخل ہونے کی دعا | 49 |
| (23)مسجد سے نکلتے وقت کی دعا | 50 |
| (24)بلندی پر چڑھتے وقت کی دعا | 50 |
| (25)بلندی سے اُترتے وقت کی دعا | 50 |
| (26)مسلمان بھائی سے ملاقات کے وقت کی دعا | 50 |
| (27)مصافحہ کرتے وقت کی دعا | 51 |
| (28)کسی مسلمان کو مسکراتا دیکھ کر پڑھنے کی دعا | 51 |
| (29)غصہ آنے / کتے کے بھونکنے / گدھے کے رِینگنے پر پڑھی جانے والی دعا | 51 |
| (30)بارش کے وقت کی دعا | 51 |
| (31)ہر موذی مرض سے پناہ کی دعا | 52 |
| (32)بخار سے شفا کی دعا | 52 |
| (33)بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 52 |
| (34)چھینک آنے پر پڑھنے کی دعا | 53 |
| (35)چھینکنے والے کا جواب دینے کی دعا | 53 |
| (36)شکریہ ادا کرتے وقت کی دعا | 53 |
| (37)ادائے قرض کی دعا | 54 |
| (38)مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعا | 54 |
| (39)ستاروں کو دیکھتے وقت کی دعا | 55 |
| (40) محفل / مجمع / مجلس کے اختتام کی دعا | 55 |
| ماخذ و مراجع | 58 |




www.dawateislami.net

# ماخذ و مراجع

| کتاب | مطبوعہ / سال اشاعت |
|---|---|
| قرآن پاک | کلام الٰہی |
| ترجمۂ کنزالایمان | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱۴۲۹ھ |
| تفسیر در منثور | دارالفکر بیروت ۱۴۰۳ھ |
| تفسیر مظہری (مترجم) | ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۲ء |
| صحیح بخاری | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۹ھ |
| صحیح مسلم | دار الکتاب العربی بیروت ۲۰۱۶ء |
| سنن ترمذی | دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ |
| سنن نسائی | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۶ھ |
| سنن ابو داود | داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۴۲۱ھ |
| سنن کبریٰ للنسائی | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ |
| مستدرک | دار المعرفہ بیروت ۱۴۱۸ھ |
| معجم کبیر | داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۴۲۲ھ |
| معجم صغیر | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۳ھ |
| مصنف ابن ابی شیبہ | دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ |
| کنزالعمال | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۹ھ |
| مشکوٰۃ | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۴ھ |
| ہدایہ معہ فتح القدیر | کوئٹہ |
| مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی | کراچی |
| تنویر الابصار معہ ردالمحتار | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۰ھ |
| غنیۃ المتملی | لاہور |
| در مختار | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۰ھ |

| کتاب | مطبوعہ / سال اشاعت |
|---|---|
| ردالمحتار | دار المعرفۃ بیروت ۱۴۲۰ھ |
| تبیین الحقائق | کوئٹہ |
| فتاوی ہندیہ | کوئٹہ |
| حاوی للفتاوی | دارالفکر بیروت ۱۴۲۰ھ |
| فتاوی تاتارخانیہ | کراچی ۱۴۱۶ھ |
| فتاوی قاضی خان معہ عالمگیری | کوئٹہ |
| فتاوی تاتارخانیہ | کراچی |
| حاشیۃ الطحطاوی | کراچی |
| بہارِ شریعت | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱۴۳۷ھ |
| تاریخ دمشق | دار الفکر بیروت ۱۴۱۶ھ |
| مستطرف | دار الفکر بیروت ۱۴۱۹ھ |
| بستان العارفین لسمرقندی | دار الکتب العلمیہ بیروت ۲۰۰۳ء |
| تنبیہ الغافلین | پشاور ۱۴۲۰ھ |
| مسائل القرآن | رومی پبلیکیشنز لاہور |
| الاذکار للنووی | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۰ھ |
| حصن حصین | المکتبۃ العصریہ بیروت ۱۴۲۵ھ |
| عمل الیوم واللیلۃ لابن سنی | الشرکۃ الجزائریۃ اللبنانیۃ بیروت ۱۴۲۷ھ |
| مدنی پنج سورہ | مکتبۃ المدینہ کراچی |
| فیضان سنت | مکتبۃ المدینہ کراچی |
| 40روحانی علاج مع طبی علاج | مکتبۃ المدینہ کراچی |
| فرعون کا خواب | مکتبۃ المدینہ کراچی |



www.dawateislami.net

# مسواک کی 25 برکتیں

حضرت علّامہ سیِّد احمد طحطاوی حنفی رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہ "حاشِیَۃُ الطَّحطاوی" میں مِسواک کے فوائد و فضائل یوں نقل فرماتے ہیں:

﴿1﴾ مِسواک شریف کو لازِم کرلو، اِس سے غفلت نہ کرو۔ اِسے ہمیشہ کرتے رہو کیونکہ اِس میں اللہ پاک کی خوشنودی ہے۔ ﴿2﴾ ہمیشہ مِسواک کرتے رہنے سے روزی میں آسانی اور بَرَکت رہتی ہے۔ ﴿3﴾ دَرۡدِ سر دُور ہوتا ہے۔ ﴿4﴾ بَلۡغم کو دُور کرتی ہے۔ ﴿5﴾ نظر کو تیز کرتی ہے۔ ﴿6﴾ مِعۡدے کو دُرست رکھتی ہے۔ ﴿7﴾ جسم کو توانائی بخشتی ہے۔ ﴿8﴾ حافِظہ (قُوّتِ یادداشت) کو تیز کرتی ہے اور عقل کو بڑھاتی ہے۔ ﴿9﴾ دل کو پاک کرتی ہے۔ ﴿10﴾ نیکیوں میں اِضافہ ہوجاتا ہے۔ ﴿11﴾ فرشتے خوش ہوتے ہیں۔ ﴿12﴾ مِسواک شیطان کو ناراض کردیتی ہے۔

(مزید اگلے صفحے پر)

﴿13﴾ کھانا ہضم کرتی ہے۔ ﴿14﴾ بچوں کی پیدائش میں اضافہ ہوتا ہے۔ ﴿15﴾ بڑھاپا دیر میں آتا ہے۔ ﴿16﴾ پیٹھ کو مضبوط کرتی ہے۔ ﴿17﴾ بدن کو اللہ پاک کی اِطاعت کے لیے قوت دیتی ہے۔ ﴿18﴾ نزع میں آسانی اور کلمۂ شہادَت یاد دلاتی ہے۔ ﴿19﴾ قِیامت میں نامۂ اعمال سِیدھے ہاتھ میں دِلاتی ہے۔ ﴿20﴾ پُل صراط سے بجلی کی طرح تیزی سے گزار دے گی۔ ﴿21﴾ حاجات پوری ہونے میں اُس کی اِمداد کی جاتی ہے۔ ﴿22﴾ قبر میں آرام و سکون پاتا ہے۔ ﴿23﴾ اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ ﴿24﴾ دنیا سے پاک صاف ہو کر رخصت ہوتا ہے۔ ﴿25﴾ سب سے بڑھ کر فائدہ یہ ہے کہ اُس میں اللہ پاک کی رِضا ہے۔

(حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ٦٨ ، ٦٩ ، ملخصًا)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# بول میں ہلکے تول میں بھاری

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم:

دو کلمے رحمٰن کو بہت زیادہ محبوب ہیں یہ زبان پر بہت ہی ہلکے اور میزانِ عمل میں بہت ہی بھاری ہیں (وہ دو کلمے یہ ہیں:)

”سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ“۔

(بخاری،٤/٦٠٠،حدیث:٧٥٦٣)

978-969-722-140-0
01082103

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net